© rasailojaraid.com



اجمالی طور پر ہم مصنف کے نقطۂ نظر سے متفق ہیں۔

آخر میں علمائے کرام کو خوب جھنجھوڑا ہے اور انہیں غیرت دلائی ہے۔ مگر یہاں تو "لو نادیت حیًا" کا معاملہ ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

(۱۱) الاسلام بین جھل ابنائه و عجز علمائه (مسلمانوں کی جہالت اور علماء کی بے حسی کے درمیان اسلام کا حال)۔ عبدالقادر عودہ۔ چھوٹی تقطیع، ۸۰ صفحے۔ کاغذ معمولی، طباعت اعلیٰ

مطبوعہ: قاہرہ ۱۹۵۱ء۔

یہ ایک مختصر سا رسالہ ہے، جس میں مصنف نے مسلمانوں کی عام جہالت اور تعلیم یافتہ لوگوں کی دین سے ناواقفیت کا رونا رویا ہے۔ مصنف کے مذاق کے لحاظ سے کتاب پر "قانونی پہلو" غالب ہے۔ یعنی انہوں نے یہ دکھانے کی کوشش کی ہے کہ اسلامی قانون کامل اور موجودہ زمانے کی ضروریات کو اچھی طرح پورا کرتا ہے۔ آخر میں علماء سے اپیل کی ہے کہ وہ خواب سے بیدار ہوں اور نئی پود کو دین سے بیگانہ نہ ہونے دیں۔

---


★ پاکستان کے جواں ہمت، اسلام پسند طلباء کی آواز،

★ اسلامی انقلاب کی صدائے بازگشت

★ طلباء کے حقوق کا محافظ و ترجمان

پندرہ روزہ اسٹوڈنٹس وائس STUDENT'S VOICE

(زیرِ نگرانی: اسلامی جمعیتِ طلبہ کراچی)

جولائی ۵۲ء کے پہلے ہفتے سے منظرِ عام پر آگیا ہے

قیمت فی پرچہ ۱ر — (یہ پرچہ ۸ صفحات پر مشتمل ہوگا) — سالانہ چندہ (۲۴ شماروں کے لئے) عہ

خط و کتابت کا پتہ:- ۱۲/۱۸، بندر روڈ، مقابل وائی، ڈبلیو۔ سی۔ اے کراچی




© rasailojaraid.com